Roll No ____________ to be filled in by the candidate

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ - II

وقت: 2:10 گھنٹے نمبر: 60

2۔ حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10

حصہ نظم

(i) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ii) چھپتا نہیں نظروں میں یہاں خلعتِ سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(iii) ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں
سبزوں کی لہلہاہٹ، باغات کی بہاریں

(iv) تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے۔

حصہ غزل

(i) عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے، دو انتظار میں

(ii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بے زار
یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے۔

(iii) کہوں کیا ہوئی عمر کیوں کر بسر
میں جاگا کیا، بخت سویا کیا۔

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) ظالموں نے آپؓ کو پکڑا اور حرم میں لے جا کر تھوڑی دیر محبوس رکھا اور چھوڑ دیا پھر آنحضرت ﷺ کی تلاش میں نکلے ڈھونڈتے ڈھونڈتے غار کے دہانے تک آ گئے۔ آہٹ پا کر حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ غمزدہ ہوئے۔

(ب) آپ نے میری حالت کا اندازہ لگا لیا اور اس بات پر اصرار کیا کہ میں اپنے غربت کدہ سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تاکہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں آپ نے میرے لیے یہ کمرا وقف کر دیا اور مجھے زندگی کی ضروریات سے بے نیاز کر دیا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ 10

(i) ہجرت نبویؐ سے کیا مراد ہے؟
(ii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟
(iii) سر سید احمد خاں کے مطابق قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟
(iv) "ملکی پرندے اور دوسرے جانور" میں بلبل کو بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر کہا ہے۔
(v) "قدرِ ایاز" میں دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟
(vi) "حمد" کے حوالے سے محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟
(vii) "نعت" کے شاعر کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟
(viii) بہادر شاہ ظفر نے اپنی حسرتوں سے کیا کہا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 05

(الف) شاعروں کے لطیفے (ب) آرام و سکون

6۔ کتاب میں دی گئی نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ اپنے ناراض دوست / سہیلی کو منانے کے لیے خط لکھیے۔ یا تعلیمی ادارے کے / کی سربراہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ "ایسے کو تیسا" کے عنوان سے کہانی تحریر کریں۔ یا استاد اور شاگرد کے مابین "تاریخ پاکستان" کے عنوان پر مکالمہ تحریر کریں۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔
(ii) ہمت کو ہارنا اچھی بات نہیں۔
(iii) میں نے اکرم دیکھا۔
(iv) ہم نے حج کرنا ہے۔
(v) جی نے چاہا تو آؤں گا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) بارہ برس دلی میں رہے ____________
(ii) ماروں گھٹنا ____________
(iii) چور کی داڑھی میں ____________
(iv) اُلٹے بانس ____________
(v) غریب کی جورو ____________